More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

پہلا سبق

حمد

شاعر: عنایت علی خان ٹونکی

سب ہے تیری عطا اے خدا! اے خدا

اے اللہ تعالیٰ جو کچھ ہمارے پاس ہے سب تیرا دیا ہوا ہے۔

یوں تو ہر شے پہ ہے چشم رحمت تیری
لیکن انسان کو دی سب پہ یہ برتری
اِس کو بینائی دی، اِس کو دانائی دی
دل کو طاقت بدن کو توانائی دی
رہنمائی کو پیدا کیئے انبیاء
سب ہے تیری عطا، اے خدا اے خدا

تشریح:۔ اے خدا یوں تیری رحمت کی نظر ہر مخلوق پر ہے۔ لیکن انسان کو سب سے برتر اور اشرف بنایا گیا ہے اسکو دیکھنے والی روشنی دی، اور اسکے ساتھ ساتھ عقل بھی دی تاکہ وہ پہچان سکے کیا اچھا ہے اور کیا برا۔ روشنی جانوروں کی آنکھوں میں بھی ہوتی ہے لیکن انسان کی آنکھوں کی روشنی عقل سے وابستہ ہوتی ہے اور انسان وہ کچھ جان جاتا ہے جو ظاہر میں نظر نہیں آتا۔ صرف یہ ہی نہیں بلکہ

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

نبیوں کو بھی ان کی اصلاح اور رہنمائی کے لئے بھیجا تا کہ سیدھا اور سچا راستہ اختیار کریں

ان کے دلوں کو حوصلہ دیا اور صحت مند بنا کر کام کرنے کی طاقت دی اے اللہ جو کچھ ہمارے پاس ہے سب تیرا دیا ہوا ہے۔

آسماں سے برستی ہوئی بارشیں
اور زمیں سے اُبلتی ہوئی نعمتیں
تیرے ہی در سے ملتی ہیں سب راحتیں
دُور کرتا ہے سب کی تو ہی کلفتیں
شکر تیرا بھلا کس طرح ہو ادا
سب ہے تیری عطا اے خدا اے خدا

تشریح:۔اے خدا آسمان سے پانی برستا ہے اور زمین سے دنیا بھر کے پھل، سبزیاں اور اناج پیدا ہوتا ہے، یہ سب آسانیاں تو ہی دیتا ہے اور ہماری تمام تکلیفیں تو ہی دور کرتا ہے ہمارے پاس وہ الفاظ نہیں جن سے تیرا شکر ادا ہو سکے۔اے اللہ تعالیٰ جو کچھ ہمارے پاس ہے سب تیرا دیا ہوا ہے۔

جگمگایا ہوا بے کراں آسماں
موج در موج دریا میں آب رواں
غنچہ، و گل سے مہکے ہوئے گلستاں

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

اور پھلوں سے لچکتی ہوئی ڈالیاں

لہلہاتا ہوا سبزہ خوش نماں

سب ہے تیری عطا اے خدا اے خدا

تشریح:۔ بے انداز پھیلا ہوا اور یہ چمکتا ہوا آسمان اور یہ موجیں مارتا ہوا دریا اور یہ باغوں میں خوشبوئیں بکھرتے ہوئے پھول اور کلیاں، اور یہ پھلوں سے لدی ہوئی ٹہنیاں، یہ جھومتا ہوا سبزہ۔ اے اللہ تعالیٰ جو کچھ ہمارے پاس ہے سب تیرا دیا ہوا ہے۔

مشق

ا۔درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔

(الف) نظم کے پہلے بند میں انسان کو دی گئی کن نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: چشم رحمت یعنی اللہ کی مہربانی کی نگاہ، انسان کی تمام دوسری مخلوقات پر برتری، آنکھوں کی رشنی، عقل، طاقت اور توانائی۔ یہ سب اللہ کی نعمتیں ہیں جو ہمیں دی گئی ہیں۔

(ب) اللہ تعالیٰ نے انسان کی راہ نمائی کے لئے کیسے پیدا کیا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لئے نبیوں کو پیدا کیا۔

(ج) ''اور زمین سے ابلتی ہوئی نعمتیں سے شاعر کا اشارہ کن نعمتوں کی جانب ہے؟

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

جواب: بارشوں کی، جن کی بنا پر ہمیں، پھل سبزیاں اور اناج کھانے کو ملتا ہے، ہمیں سہولتیں ملتی ہیں، ہماری دشواریاں دور ہوتی ہیں۔

(د) نظم کے آخری بند میں شاعر نے کن کن نعمتوں کا ذکر کیا ہے؟

جواب: شاعر نے چمکتے ہوئے آسمان، دریا، پھول کلیوں، گلستان، پھلوں کا ذکر کیا ہے

(صفحہ دیگر دیکھیں)

۲۔ دیئے گئے خانوں میں نشان لگا کر مصرعہ مکمل کیجئے۔

(۱) یوں تو ہر شے پہ ہے	(۳) اے خدا! اے خدا!
(۲) رہنمائی کو پیدا کیا	(۵) مہکے ہوئے گلستان
(۳) سب ہے تیری عطا	(۶) خوش نما
(۴) غنچۂ و گل سے	(۴) لچکتی ہوئی ڈالیاں
(۵) اور پھلوں سے	(۱) چشم رحمت تیری
(۶) لہلہاتا ہوا سبزہ	(۷) سب پہ یہ برتری
(۷) لیکن انسان کو دی	(۲) کئے گئے انبیاء

۳۔ نظم کے مطابق درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

(الف) اللہ نے انسان کو سب پر دی:

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

۳۔ الف) سبقت (ب) برتری ✓ (ج) کی تری (د) تونگری

(ب) نعمتوں پر ادا کرنا ہے

(الف) شکر ✓ (ب) قرض (ج) فرض (د) زر

(ج) لہلہاتا ہوا سبزہ لگتا ہے

(الف) نگین (ب) سادہ (ج) خوش نما ✓ (د) بدنما

(د) اللہ سب کی دور کرتا ہے

(الف) راحتیں (ب) پریشانیاں (ج) آفتیں (د) کلفتیں ✓

(ہ) پھلوں کے بوجھ سے ڈالیاں ہیں:

(الف) لچکتی ✓ (ب) جھومتی (ج) مچلتی (د) مہکتی

۴۔ جملوں میں استعمال کیجئے،

بینائی، خوش نما، انبیاء، راحت، برتری

جواب:

الفاظ	استعمال
بینائی	آپ کی بینائی کمزور ہوگئی ہے۔
خوش نما	گلاب کا پھول سب سے زیادہ خوش نما ہے۔
انبیاء	دنیا میں انسان کی راہ نمائی کے لئے انبیاء آئے۔
راحت	راحت کہیں نصیب مجھے جیتے جی نہ تھی۔

Perfect24u.com

برتری	امیر پر برتری باعمل عالم کو ہے۔

ایک جیسی آواز والے الفاظ کو ہم قافیہ کہتے الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے، دانائی۔ توانائی

۵۔ درج ذیل الفاظ کے ہم قافیہ الفاظ لکھیے

(الف) عنایت (ب) عطا (ج) آسماں (د) سونا (ہ) داخل

الفاظ	ہم قافیہ الفاظ
عنایت	تمازت، لطافت، ضلالت
عطا	خطا، وفا، حیاء
آسماں	امکان، سنسان، آسان
سونا	رونا، کھونا، جانا
داخل	شامل، کاہل، جاہل

✿ مرکب الفاظ بنانے کے لئے کسی لفظ کے آخر میں جو علامت لگاتے ہیں اسے لاحقہ کہتے ہیں۔ جیسے سائنس دان میں ''دان'' لاحقہ ہے

٦۔ درج ذیل لاحقوں سے تین تین مرکب الفاظ بنایئے۔

(الف) گاہ (ب) مند (ج) بان (د) کار

جواب: گاہ۔ ناگاہ، چراگاہ، ہرگاہ

مند۔ دولت مند، عقل مند، ہنرمند

(ج) بان۔ شتربان، گاڑی بان، بے زبان

(د) کار۔ بیکار، مکار، جفاکار

"حرف ندا" وہ حرف ہے جو کسی کو پکارنے کے لئے بولا جاتا ہے۔

جیسے: اے، یا، او، وغیرہ

(د) دیئے گئے جملوں میں حرف ندا (!) کا نشان لگایئے

(الف) یااللہ! میں کیا کروں

(ب) او بھائی! ذرا دیکھو تو سہی

(ج) اے! راہِ حق کے شہیدو

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
نعمتیں	اچھی چیزیں	جگمگایا	چمکایا
عطا	بخشش	موج	لہر
شے	چیز	آبِ رواں	جاری پانی
رحمت	کرم	گل	پھول
برتری	بڑائی	مہکے	خوشبو پھیلاتے
بینائی	روشنی	گلستان	چمن

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

دانائی	عقلمندی	لچکتی	لڑکھڑاتی، خمدار
الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
توانائی	طاقت	ڈالیاں	ٹہنیاں
بدن	جسم	لہلہاتا	جھومتا
رہنمائی	راستہ دکھانا	خوش نما	خوبصورت
انبیاء	نبی کی جمع بہت سے نبی		
نعمتیں	اچھی چیزیں	کلفتیں	تکلیفیں

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

www.Perfect24u.com